## سوال

(02)ذبح غیر اللہ شرک ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے خاندان میں اولیائے کرام کی قبروں پر بکری کے ذبح کرنے کو تقرب کا ذریعہ بنانے کا دستور چلا آرہا ہے ۔۔۔میں نے انہیں منع کیا لیکن ان میں عناد اور زیادہ بڑھ گیا میں نے انہیں کہا کہ یہ تو اللہ سے شرک ہے وہ کہنے لگے ۔ ''ہم اللہ کی عبادت کو اسی کا حق سمجھتے اور اسی عبادت کرتے ہیں ۔ لیکن اگر ہم اولیاء اللہ کی زیارت کریں یا اپنی دعاؤں میں یوں کہیں کہ اپنے فلاں ولی کے طفیل ہمیں شفا عطا فرما، یا فلاں مصیبت کو دور کردے تو اس میں گناہ کی کونسی بات ہے میں نے انہیں کہا، ہمارا دین واسطے کا دین نہیں ۔ تو وہ کہنے لگے ہمیں ہمارے حال پر رہنے دو ۔'' ایسے لوگوں کے علاج سے متعلق آپ کون سا حل بہتر سمجھتے ہیں؟ ان کے مقابلہ میںمجھے کیا کرنا چاہیے اور می ں اس بدعت کا کیسے مقابلہ کروں؟ شکریہ!

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب وسنت کے دلائل سےیہ معلوم ہوچکا ہے کہ اللہ کے علاوہ دوسروں کےلیے قربانی سے تقرب حاصل کرنا 'خواہ یہ قربانی اولیاء کےلیے ہو یا جنات کےلیے یا بتوں کےلیے ہو یا کسی بھی دوسری مخلوق کےلیے اللہ کے ساتھ شرک ہے اور ایسے اعمال جاہلیت کے اور مشرکین کے اعمال ہیں ۔ ارشاد باری تعالی ہے :

قُل إِنَّ صَلاتى وَنُسُكى وَمَحياىَ وَمَماتى لِلَّهِ رَبِّ العـٰلَمينَ ١٦٢ لا شَريكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرتُ وَأَنا۠ أَوَّلُ المُسلِمينَ ١٦٣ ... سورة الانعام

''آپ کہہ دیجئے کہ میری نماز، میری قربانی، میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ رب العالمین ہی کےلیے ہے ۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی بات کا حکم ملا ہے اور میں سب سے اول فرمانبردار ہوں ۔''

اور نسک کا معنی قربانی ہے اللہ سبحانہ وتعالی نے اس آیت میںیہ وضاحت فرمائی ہےیہ کہ غیر اللہ کی قربانی اللہ سے ایسے ہی شرک ہے جیسے غیر اللہ کی نماز شرک ہے ۔ اللہ تعالی فرماتے ہیں :

إِنّا أَعطَينـٰكَ الكَوثَرَ ١ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانحَر ٢ ... سورة الكوثر

(اے محمدؐ) ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمائی ہے تو اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھا کرو اور قربانی دیا کرو۔

اس سورہ کریمہ میں اللہ تعالی نے اپنے نبیؐ کو حکم دیا کہ وہ اپنے پروردگار کے لیے نماز ادا کریں اور اسی کے لیے قربانی کریں ۔ بخلاف مشرکین کے کہ وہ غیر اللہ کو سجدہ کرنے اور غیر اللہ کے

لیے ہی ذبح کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہے :

وَقَضىٰ رَبُّكَ أَلّا تَعبُدوا إِلّا إِيّاهُ ٢٣ ... سورة الإسراء

''اور تمہارے پروردگار نے طے کردیا ہے تم اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو''

وَما أُمِروا إِلّا لِيَعبُدُوا اللَّهَ مُخلِصينَ لَهُ الدّينَ حُنَفاءَ ... ٥ ... سورة البينة

''اور انہیں حکم تو یہی ہوا تھا کہ اخلاص عمل کے ساتھ یکسو ہو کر اللہ عبادت کریں''

اس مضمون کی آیات کثیر ہیں کہ قربانی عبادت ہی ہے الہذا اس میں اللہ تعالی اکیلے کےلیے اخلاص واجب ہے اور صحیح مسلم میں امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :

«لَعَنَ اللَّه من ذَبَحَ لِغَيرِ اللَّه»

''جس نے غیر اللہ کےلیے کی اس پر اللہ نے لعنت کی ہے''

رہی قائل کی یہ بات کہ میں اللہ سے اس کے اولیاء کے حق یا انکی منزلت کے ساتھ یا نبی کے حق یا نبی کی منزلت کے ساتھ سوال کرتا ہوں، تو یہ بات شرک تو نہیں تاہم یہ بات جمہور اہل علم کے نزدیک بدعت اور شرک کا ذریعہ ہے۔ کیونکہ دعا عبادت ہے اور اس کی کیفیت توقیفی امور سے تعلق رکھتی ہے اور ہمارے نبی ﷺ سے کوئی ایسی بات ثابت نہیں جو کسی بھی مخلوق کے حق یا منزلت سے توسل کے جواز یا اس کی مشروعیت پر دلالت کرتی ہو۔ الہذا کسی مسلمان کےلیے یہ جائز نہیں کہ وہ ایسا توسل اختراع کرے جو اللہ سجانہ و تعالی نے مشروع نہیں کیا :

أَم لَهُم شُرَكـٰؤُا شَرَعوا لَهُم مِنَ الدّينِ ما لَم يَأذَن بِهِ اللَّهُ ٢١ ... سورة الشورىٰ

''جس نے ہمارے اس امر (شریعت) میں کوئی نئی بات پیدا کی جو اس میںپہلے نہ تھی وہ مردود ہے''

اس حدیث کی صحت پر شیخین کا اتفاق ہے اور مسلم کی روایت جسے بخاری نے اپنی صحیح میں تعلیقا ذکر کیا ہے اس کی تاکید کرتی ہے وہ یوں ہے :

«مَن أَحدَثَ في أَمرِنا هذا لَيسَ منه فهو رَدٌّ»

''جس نے کوئی ایسا کام کیا جو ہمارے امر (شریعت) میں موجود نہیں وہ مردود ہے''

رسول اللہ ﷺ کے قول رد کا معنی یہ ہے کہ وہ کام کرنے والے کے منہ پر مارا جائے گا اور قبول نہیں کیا جائے گا۔ لہذا مسلمانوں پر واجب ہے کہ جس چیز کو اللہ تعالی نے مشروع کیا ہے اسی کے پابند رہیں اور جو بدعات لوگوں نے پیدا کر رکھی ہیں ان سے بچیں۔ مشروع توسل صرف یہ ہے کہ اللہ کی ذات اس کی صفات اس کی توحید اور عمال صالحہ سے توسل کیا جائے اللہ تعالی اس کے رسولوں پر ایمان نیز اللہ اور اس کے رسول کی محبت اور اسی طرح کے نیکی اور بھلائی کے کاموں سے توسل کرنا چاہیے...اور عمل کرنے کی توفیق بخشنے والا تو اللہ تعالی ہی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

جلد1

محدث فتویٰ